© rasailojaraid.com



# تبصرے

**ریّان** از مولانا لائق علی صاحب قاسمی صدر مدرس دارالعلوم جامع مسجد میرٹھ کاغذ اچھا، کتابت وطباعت متوسط تقطیع ۲۰×۳۰/۱۶ ضخامت ۱۵۲ صفحات قیمت عہ/ پتہ:- ناظم کتب خانہ محمودیہ دارالعلوم جامع مسجد میرٹھ، یا مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

رمضان المبارک کے فضائل اور روزوں کے بیان پر اردو میں بہت سے رسالے اور مضامین لکھے گئے ہیں لیکن حق یہ ہے کہ اس موضوع پر ریان کے مرتبے کی کوئی کتاب اب تک دیکھنے میں نہیں آئی۔ جہاں تک رمضان المبارک کی فضیلتوں اور خصوصیتوں کا تعلق ہے اس سلسلہ میں یہ کتاب نہایت مستند، مفید اور تحقیقی معلومات بہم پہنچاتی ہے،

روزے کی حقیقت، روزوں کی عظمت اور ان کا فلسفہ، دوسری ملتوں میں روزوں کی حیثیت، روزوں کی تاریخ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف فرمائی کے بعد روزوں کی تشکیل و ترتیب، فرضیتِ رمضان المبارک سے قبل مسلمانوں کے روزے، روزوں کے احکام میں تدریجی تغیر و تبدل، روزوں کی قسمیں، روزوں کی مشروعیت عقل و فلسفہ کی روشنی میں، روزے میں حکیمانہ بندشیں، روزے کے فوائد، اس طرح کے تمام عنوانوں پر سیر حاصل اور دلپذیر بحثیں کی گئی ہیں اسی کے ساتھ تہجد، تراویح، تراویح کی موجودہ صورت، رکعات تراویح، تراویح کی عقلی حیثیت، شبِ قدر، عید الفطر اور اس کے متعلقات ان تمام چیزوں پر بھی اچھی اور تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔ علی الخصوص تہجد و تراویح کے مسائل کی تحقیق، لائق مؤلف نے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سنہ ۴۳ء :- مکمل لغات القرآن مع فہرست الفاظ جلد اول لغت قرآن پر بے مثل کتاب ۶ مجلد للعہ

سرمایہ :- کارل مارکس کی کتاب کیپٹل کا ملخص شستہ و رفتہ ترجمہ، جدید اڈیشن۔ قیمت عہ

اسلام کا نظام حکومت۔ اسلام کے ضابطہ حکومت کے تمام شعبوں پر دفعات وار مکمل بحث قیمت ۶ مجلد عہ

خلافت بنی امیہ :- تاریخ ملت کا تیسرا حصہ۔ قیمت ۳ مجلد ۳ مضبوط اور عمدہ جلد للعہ

سنہ ۱۹۴۴ء :- ہندوستان میں مسلمانوں کا نظام تعلیم و تربیت جلد اول۔ اپنے موضوع میں بالکل جدید کتاب قیمت للعہ مجلد عہ

نظام تعلیم و تربیت جلد ثانی جسمیں تحقیق و تفصیل کے ساتھ یہ بتایا گیا ہے کہ قطب الدین ایبک کے وقت سے اب تک ہندوستان میں مسلمانوں کا نظام تعلیم و تربیت کیا رہا ہے۔ قیمت للعہ مجلد عہ

قصص القرآن جلد سوم انبیا علیہم السلام کے واقعات کے علاوہ باقی قصص قرآنی کا بیان قیمت للعہ مجلد عہ

مکمل لغات القرآن مع فہرست الفاظ جلد ثانی قیمت ۶ مجلد للعہ

سنہ ۱۹۴۵ء :- قرآن اور تصوف۔ حقیقی اسلامی تصوف اور مباحث تصوف پر جدید اور محققانہ کتاب قیمت عہ مجلد ۳

قصص القرآن جلد چہارم حضرت عیسیٰؑ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات اور متعلقہ واقعات کا بیان قیمت عہ مجلد ۳

انقلاب روس۔ انقلاب روس پر بلند پایہ تاریخی کتاب قیمت ۳

سنہ ۴۶ء :- ترجمان السنۃ :- ارشادات نبوی کا جامع اور مستند ذخیرہ صفحات ۶۰۰ تقطیع $\frac{22 \times 29}{8}$ جلد اول للعہ مجلد عہ

مکمل لغات القرآن مع فہرست الفاظ جلد سوم قیمت للعہ مجلد عہ

مسلمانوں کا نظم مملکت مصر کے مشہور ڈاکٹر حسن ابراہیم حسن ایم۔ اے پی۔ ایچ۔ ڈی کی محققانہ کتاب "النظم الاسلامیۃ" کا ترجمہ۔ قیمت للعہ مجلد عہ

تحفۃ النظار :- یعنی خلاصہ سفرنامہ ابن بطوطہ مع تحقیق و تنقید از مترجم قیمت عہ قسم اعلیٰ ۳

مارشل ٹیٹو۔ یوگوسلاویہ کی آزادی اور انقلاب پر نتیجہ خیز اور دلچسپ تاریخی کتاب قیمت عہ

مفصل فہرست دفتر سے طلب فرمائیے۔ اس سے آپ کو ادارے کے حلقوں کی تفصیل بھی معلوم ہوگی۔

**منیجر ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی**

© rasailojaraid.com